کالج کے لیے بچت پروگرام اور آئندہ مالی امداد پر اثر

NYC KIDS RISE™ Save for College Program

مالی امداد کا مقصد فیملی کی "مالی ضرورت" کو پورا کرنا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے مالی امداد کی ضرورت کا تعین ہو جانے کے بعد، کالج اور یونیورسٹیاں درج ذیل کا قدرے مشترک فراہم کر کے اس ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کرتی ہیں:

- گرانٹس (طلبہ کو گفٹ کیا جانے والا پیسہ)؛
- لون (وہ پیسہ جو کوئی طالب علم یا فیملی مستعار لیتی ہے اور تمثیلی طور پر واپس ادا کرنا ہوتا ہے)؛
- عملی مطالعہ (کیمپس میں جاب)؛ اور
- اسکالرشپس (طالب علم/طالبہ کی حصولیابی یا مالی ضرورت کی بنیاد پر اسے گفٹ کیا جانے والا پیسہ)

جب آپ کا بچہ ہائی اسکول میں پہنچے تو آپ کو چاہیے کہ مالی امداد کی کسوٹی سے متعلق تازہ ترین معلومات کے لیے امریکی محکمۂ تعلیم (U.S. Department of Education) کی ویب سائٹ **www.ed.gov** ملاحظہ کریں۔ اس وقت، آپ کو ان کالجوں، یونیورسٹیوں، حرفتی اور تجارتی اسکولوں کی بھی ویب سائٹ ملاحظہ کرنی چاہیے جہاں تعلیم حاصل کرنے میں آپ کے بچے کی دلچسپی ہے۔

آپ کا NYC اسکالر شپ اکاؤنٹ

چونکہ NYC اسکالر شپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) کی ملکیت اور اس کا نظم NYC Kids RISE کے ذریعے کیا جاتا ہے، لہٰذا مالی امداد اکاؤنٹ میں رکھے رہنے کے دوران اسکالرشپ اکاؤنٹ متاثر نہیں ہوگا۔ اکاؤنٹ میں موجود پیسہ خرچ ہو جانے پر مالی امداد کی اہلیت پر اسکالر شپ اکاؤنٹ کا اگر کوئی اثر پڑ سکتا ہو تو NYC Kids RISE آئندہ سالوں میں اس بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گا۔ مزید معلومات کے لیے، NYC Kids RISE کی ہاٹ لائن کو **(833) KID-RISE** پر کال کریں یا **nyckidsrise.org** ملاحظہ کریں۔

آپ کا اپنا کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ

اگر آپ اپنے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ میں پیسے بچاتے ہیں تو اس سے آپ کے بچے کی مالی امداد کے پیکیج پر اثر پڑ سکتا ہے۔ اس کا انحصار آپ کے منتخب کردہ اکاؤنٹ کے اختیار، آپ کی فیملی جتنا پیسہ کماتی ہے اس کی مقدار، اس وقت مالی امداد کے اصول اور دیگر عوامل پر ہوگا۔

کالج کے لیے بچت کرنے کے بہت سارے طریقے اور کالج کے لیے بچت اکاؤنٹس کی بہت ساری مختلف قسمیں ہیں۔ کالج کے لیے بچت پروگرام (Save for College Program) آپ کے لیے کالج کے لیے بچت اکاؤنٹ کھولنے کے دو اختیارات میں سے ایک کا موقع پیش کرتا ہے جس کو آپ کے بچے کے اسکالرشپ اکاؤنٹ سے مربوط کیا جا سکتا ہے۔

اس دستاویز میں اس بارے میں معلومات موجود ہیں کہ کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعے کالج کے لیے بچت کا ہر اختیار کھولنے اور اس میں پیسے جمع کرانے سے آپ کے بچے کی آئندہ مالی امداد پر کس طرح اثر پڑ سکتا ہے۔

کالج کے لیے بچت پروگرام کی معرفت آپ اپنے لیے دستیاب کالج کے لیے بچت کے اختیارات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyckidsrise.org/options ملاحظہ کریں۔

اگلے صفحہ پر درج معلومات کالج کے لیے آپ کے بچے کے درخواست دیتے وقت آئندہ مالی امداد کے لیے ان کی اہلیت پر لاگو ہوتی ہے۔ یہ جدول اس بارے میں مخصوص باتیں بتاتا ہے کہ آپ کے بچے کی مالی امداد کس طرح متاثر ہو سکتی ہے۔

اس کی بنیاد موجودہ ریاستی اور وفاقی مالی امداد کے اصولوں پر ہے، جو کالج میں آپ کے بچے کے جانے کے وقت تک تبدیل ہو سکتے ہیں۔

اکاؤنٹ کا مالک کون ہے	کیا موجودہ اصول کے تحت، 529 اکاؤنٹ رکھنے سے مالی امداد متاثر ہوگی؟	کیا موجودہ اصول کے تحت، بینک سیونگز اکاؤنٹ ہونے سے مالی امداد متاثر ہوگی؟
بچے کے تولیتی والدین/سرپرست[1] **(فیملی کی آمدنی $50,000 فی سال سے کم ہے)**	**نہیں** - وفاقی مالی امداد کے لیے والدین کی جس آمدنی اور اثاثوں کی رپورٹ کی جاتی ہے ان سے متعلق مزید معلومات کے لیے http://finaid.org ملاحظہ کریں۔	**نہیں** - وفاقی مالی امداد کے لیے والدین کی جس آمدنی اور اثاثوں کی رپورٹ کی جاتی ہے ان سے متعلق مزید معلومات کے لیے http://finaid.org ملاحظہ کریں۔
بچے کے تولیتی والدین/سرپرست **(فیملی کی آمدنی $50,000 فی سال سے زیادہ ہے)**	**ہاں**، موجودہ اصولوں کے تحت اس کا کچھ اثر پڑے گا: وفاقی مالی امداد کے لیے، والدین/سرپرست کی بچتوں اور سرمایہ کاریوں کا ایک معمولی سا حصہ (5.64%) فی الحال کالج کی لاگتوں کے ضمن میں فیملی کے زر تعاون کے بطور شمار ہوتا ہے۔ نیو یارک کے قانون کے تحت، New York 529 Plan اکاؤنٹ میں بچتوں کو نیو یارک اسٹیٹ کے مالی امداد کے پروگراموں جیسے درون ریاست اسکولوں میں زیر تعلیم نیو یارک کے مکینوں کے لیے ٹیوشن میں اعانت پروگرام (Tuition Assistance Program, "TAP") کے لیے اہلیت کا تعین کرنے میں زیر غور نہیں لایا جاتا ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ سے باہر کے اسکولوں میں زیر تعلیم طلبہ کے لیے، ریاستی امداد پر پڑنے والا اثر مختلف ہو سکتا ہے۔ انفرادی اسکول مالی امداد سے متعلق مزید تفصیلی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔ آپ کے بچہ کے کالج کے قریب پہنچنے پر NYC Kids RISE مالی امداد کے اثرات کے بارے میں مزید تازہ معلومات فراہم کرے گا۔	**ہاں**، موجودہ اصولوں کے تحت اس کا کچھ اثر پڑے گا: وفاقی مالی امداد کے لیے، والدین کی بچتوں اور سرمایہ کاریوں کا ایک معمولی سا حصہ (5.64%) فی الحال کالج کی لاگتوں کے ضمن میں فیملی کے زر تعاون کے بطور شمار ہوتا ہے۔ انفرادی اسکول مالی امداد سے متعلق مزید تفصیلی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔ آپ کے بچہ کے کالج کے قریب پہنچنے پر NYC Kids RISE مالی امداد کے اثرات کے بارے میں مزید تازہ معلومات فراہم کرے گا۔
بچے کے تولیتی والدین/سرپرست کے علاوہ کوئی اور، جیسے دادا دادی یا غیر تولیتی والدین	**نہیں** - اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں اکاؤنٹ میں رہنے پر مالی امداد متاثر نہیں ہوگی۔ بچے کی اعلی تعلیم کے اخراجات ادا کرنے کے لیے بچتیں نکالنے پر مالی امداد متاثر ہو سکتی ہے۔[2]	**نہیں** - اس اکاؤنٹ میں موجود بچتیں اکاؤنٹ میں رہنے پر مالی امداد متاثر نہیں ہوگی۔ بچے کی اعلی تعلیم کے اخراجات ادا کرنے کے لیے بچتیں نکالنے پر مالی امداد متاثر ہو سکتی ہے۔[3]

NYC Kids RISE کا کالج کے لیے بچت پروگرام ایک غیر منفعتی تنظیم، .NYC Kids RISE Inc کے زیر بندوبست، NYC محکمۂ تعلیم (NYC Department of Education) اور سٹی آف نیو یارک کے اشتراک سے ایک اسکالرشپ اور بچت پروگرام ہے۔ NYC Kids RISE نہ تو New York's 529 College Savings Program سے الحاق یافتہ ہے نہ ہی اس کا مجاز تقسیم کار ہے اور یہ سرمایہ کاری کی وکالت نہیں کرتا ہے یا سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا ہے۔ سٹی آف نیو یارک اور NYC محکمۂ تعلیم NY 529 پروگرام مینیجر اور کسی خاص کالج کے لیے بچت یا دیگر سرمایہ کاری کے وسیلے، بشمول کالج کے لیے بچت پروگرام کے ذریعے فیملیز کو جن وسائل کے بارے میں علم ہو سکتا ہے ان کی تائید یا ان کے بارے میں تجویز پیش نہیں کرتا ہے اور اس کا اس پر کوئی کنٹرول، اس کی ملکیت یا اس کے ساتھ کوئی الحاق نہیں ہے۔

[1] وفاقی طالبانہ امداد کے لیے مفت درخواست (Free Application for Federal Student Aid, FAFSA) کی تولیتی والدین کی تعریف https://studentaid.ed.gov/sa/resources/fafsa-parent-text پر دیکھیں۔

[2] جب بچے کے تولیتی والدین کے علاوہ کسی اور شخص کی زیر ملکیت NY 529 Direct Plan اکاؤنٹ سے بچتیں نکالی جاتی ہیں اور اکاؤنٹ کے ساتھ وابستہ استفادہ کنندہ کے لیے کالج کے لیے ادائیگی کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں تو نکاسی کی مالیت کو آگے بڑھائی جانے والی مالی امداد کی درخواست پر غیر کمائی گئی آمدنی کے بطور شمار کیا جاتا ہے، جس کا اثر بچے کی مالی امداد پر پڑ سکتا ہے۔

[3] جب بچے کے تولیتی والدین کے علاوہ کسی اور شخص کی زیر ملکیت NY 529 Direct Plan اکاؤنٹ سے بچتیں نکالی جاتی ہیں اور اکاؤنٹ کے ساتھ وابستہ استفادہ کنندہ کے لیے کالج کے لیے ادائیگی کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں تو نکاسی کی مالیت کو آگے بڑھائی جانے والی مالی امداد کی درخواست پر غیر کمائی گئی آمدنی کے بطور شمار کیا جاتا ہے، جس کا اثر بچے کی مالی امداد پر پڑ سکتا ہے۔

PubBen_EN
نومبر 2021